باب 14
بسوا کا کھیت

میں بسوا ہوں۔ میرے والد ایک کسان ہیں۔ ہم کرناٹک کے بیل وانیکا گاؤں میں رہتے ہیں۔ یہ جولائی کا مہینہ ہے۔ ہر سال کی طرح اپّا یعنی میرے والد، پیاز کی فصل بونے کے لیے کھیت کو تیار کر رہے ہیں۔ اس وقت بہت سارے کام کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔ ان کی مدد کرنے کے لیے میں بھی اپّا کے ساتھ کھیتوں پر جاتا ہوں۔ ادھر کچھ دنوں سے اپّا کھونٹی (لوہے کی ایک چھڑ) کا استعمال زمین کو کھودنے اور مٹی کو ڈھیلا اور نرم کرنے کے لیے کر رہے ہیں۔

معلوم کرو

- بسوا کے علاقے میں ایک اوزار جو کھونٹی کہلاتا ہے، مٹی کو ڈھیلا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طرح کے اوزار کو تمھارے علاقے میں کیا کہا جاتا ہے؟ اس کی تصویر بناؤ اور اس پر تبادلۂ خیال کرو۔

برائے استاد: یہ سبق پیاز کی فصل کی کاشت کے مراحل کے بارے میں بتاتا ہے۔ آپ اس کو مثال کے طور پر استعمال کر کے بچوں کی حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں کہ وہ اپنے علاقے میں کاشت کی جانے والی فصلوں کے مراحل کے بارے میں بتائیں۔ ایسی فصلیں جو عام طور پر ان کے علاقے میں ہوتی ہیں۔

کسی کسان سے یا اپنے خاندان کے کسی بزرگ سے معلومات حاصل کرو کہ کس قسم کی فصلوں کی کاشت تمھارے علاقے میں ہوتی ہے۔

بیجوں کی بوائی

اس سال بھی میرے والد کھیت میں پیاز کے بیج بوئیں گے۔ بیل، کریگے (ہل) کو کھینچیں گے اور اپّا ان کے پیچھے بیجوں کو چھڑکتے ہوئے چلیں گے۔ میں بھی ایسا کرنا چاہتا ہوں بالکل اپنے اپّا کی طرح۔ لیکن اپّا کہتے ہیں کہ یہ

ضروری ہے کہ ایک مقررہ فاصلے پر صحیح مقدار میں بیج ڈالے جائیں۔ یہ کوئی آسان کام نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں بہت سارے بیج ایک ہی جگہ پر ڈال دوں گا۔ مجھے انتظار کرنا چاہیے کہ تھوڑا بڑا ہو جاؤں تا کہ یہ کام صحیح طریقے سے کرسکوں۔

کھیت جوتنے کے لیے جانوروں کے علاوہ دوسرے طریقے کیا ہو سکتے ہیں؟ تبادلۂ خیال کیجیے۔

کلّے پھوٹنا

اب بیجوں کو بوئے ہوئے بیس دن ہو گئے ہیں۔ پیاز کے پودوں میں کلّے پھوٹ رہے ہیں۔ پیاز کے پودوں کے ساتھ گھاس بھی اُگ آئی ہے۔ کھیتوں اور باغوں میں بغیر بوئے ہوئے گھاس اُگ آتی ہے۔ اپّا کہتے ہیں

کہ ان خودرو گھاس کو ہمیں نکال دینا چاہیے تاکہ وہ پانی اور کھاد کو استعمال کر کے اُن کا نقصان نہ کریں۔ اگر بہت زیادہ خودرو گھاس ہوگی تو پیاز کے پودے صحت مند نہیں ہوں گے۔ گھاس کو باہر نکالنے میں اماں، چچا اور میں، ہم سب اپّا کی مدد کرتے ہیں۔

بڑھتے ہوئے پودے

میں پودوں کو بڑا ہوتے ہوئے دیکھ کر بہت خوش ہوں۔ وہ میرے گھٹنوں کے برابر لمبے ہوگئے ہیں۔ پتیاں پیلی ہونا شروع ہوگئی ہیں اور خشک ہورہی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ باہر نکالنے کے لیے پیاز تیار ہے۔

تم نے کھیتوں میں جن فصلوں کو دیکھا ہے، اُن میں سے کسی ایک کی تصویر بناؤ۔

کیا تم جانتے ہو کیوں؟

گھر کے ہر فرد کو پیاز کو باہر نکالتے وقت کام کرنا ہوگا۔ یہ ضروری ہے کہ یہ کام صحیح وقت پر ہو۔ اگر ہم نے دیر کر دی تو پیاز زمین کے اندر ہی سڑ جائے گی اور ہماری تمام محنت اکارت ہو جائے گی۔

بسوا اپنے والد کی کھیت میں مدد کرتا ہے۔ کیا تم اپنے خاندان کے بزرگوں کو ان کے کاموں میں مدد کرتے ہو؟ تم کس طرح مدد کرتے ہو؟

- کیا تم وہ کام کرتے ہوئے لطف اندوز ہوتے ہو؟

پیاز کی فصل

گھر میں ہر ایک خوش ہے۔اس بار پیاز بڑے بڑے اور موٹے موٹے نکلے ہیں۔اماں اور چچی نے اِلّیگی (درانتی) کی مدد سے پیاز کو سوکھے پودوں سے الگ کرلیا ہے۔درانتی تیز دھار والی ہوتی ہے اور تمھیں بہت محتاط رہنا ہوگا کہ کہیں انگلیاں نہ کٹ جائیں۔اپّا اور چچا پیاز سے بورے بھرتے ہیں۔اپّا ان کو ایک ٹرک میں بڑے بازار میں فروخت کرنے کے لیے لے جائیں گے۔

اپنی کاپی میں جوابات درج کرو۔

- کیا تمھارے گھر کے آس پاس کوئی کھیت ہے؟ اس میں کیا بویا جاتا ہے؟

- بسوا کے اپّا ٹرک میں پیاز کو بازار لے جاتے ہیں۔ اگر باقاعدہ سڑکیں نہ ہوتیں تو سوچو پھل اور سبزیاں دوسری جگہوں پر کیسے لے جائی جاتیں۔
- پھل اور سبزیاں لے جانے کے لیے کس قسم کی سواریاں استعمال میں لائی جاتی ہیں؟ اپنی کاپی میں ان میں سے کسی ایک سواری کی تصویر بناؤ۔

معلوم کیجیے اور لکھیے۔

- یہاں کچھ اوزاروں کی تصویریں دی گئی ہیں جن کو بسوا کے افرادِ خانہ استعمال کرتے ہیں۔ اوزاروں کے نام لکھو۔ یہ بھی لکھو کہ یہ تمھارے علاقے میں کیا کہلاتے ہیں؟ اور کس کام کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں؟

نام لکھو (اس باب میں) ____________

نام تمھارے علاقے میں ____________

کام ____________

نام (اس باب میں) ____________

نام تمھارے علاقے میں ____________

کام ____________

نام (اس باب میں) ____________

نام تمھارے علاقے میں ____________

کام ____________

فصل کی کاشت میں مختلف مراحل کی ضرورت ہوتی ہے۔تصویروں کو دیکھواوران کی صحیح ترتیب پر نشان لگاؤ۔

اپنے علاقے میں کاشت کی جانے والی ایک فصل کے بارے میں معلومات حاصل کرو۔کاشت میں کیا کیا مراحل پیش آتے ہیں۔اپنی کاپی میں تصویر بناؤ۔